© rasailojaraid.com

## میں نے ہدایت کیسے پائی؟

تالیف: محمد بن جمیل زینو

اردو ترجمہ: محمد زکریا زاہد

نظر ثانی واضافہ: ابن لعل دین

ناشر: دارالتوحید لاہور پاکستان

فضیلۃ الشیخ محمد بن جمیل زینو عالم اسلام کی عظیم شخصیت ہیں انہوں نے توحید و سنت کی اشاعت وترویج کیلئے کئی علمی کتب تصنیف کی ہیں۔ پیش نگاہ کتاب ان کی داستان حیات ہے۔ اس میں انہوں نے اپنی زندگی کے حالات و واقعات کو اس خوبی سے صفحہ قرطاس پر مرتسم کیا ہے کہ قاری کیلئے اس میں دلچسپی، معلومات اور پندونصائح کا پہلو نمایاں پایا جاتا ہے۔ یہ کتاب اس لحاظ سے بھی منفرد ہے کہ اسمیں شیخ صاحب نے توحید کا اثبات کیا ہے اور شریک کی پرزور نکیر کی ہے۔

سنت مصطفی ﷺ کی اہمیت اجاگر کر کے غیر شرعی رسوم وعوائد کا رد کیا ہے۔ صوفیانہ مذہب پر نظر التفات کرتے ہوئے تصوف کی حقیقت کو بھی عیاں کیا ہے اور صوفیوں کے نام نہاد خود ساختہ افعال وکردار کی نقاب کشائی کی ہے۔ شیخ صاحب نے فقط اپنی خود گذشت بیان نہیں کی بلکہ قاری کو توحید وسنت کی راہ دکھائی ہے۔ کتاب کے آخر میں کچھ نصیحتیں کی گئی ہے جن کو ہر مسلمان بھائی اپنی زندگی کا لازمی حصہ بنا لے۔ کتاب میں مختلف مقامات پر شیخ کے موقف کی وضاحت کیلئے نوٹس دیئے گئے ہیں جو کہ بڑے معلوماتی اور حقائق پر مبنی ہیں ان سے کتاب کے حسن اور افادیت میں حد درجہ اضافہ ہوا ہے۔ یہ فٹ نوٹس نوجوان محقق ابن لعل دین کے کاٹ دار قلم سے ہیں۔ کتاب کا اردو ترجمہ رواں دواں اور سلیس، حوالہ جات مستند، کاغذ طباعت، کمپوزنگ اور ٹائٹل نہایت عمدہ اور خوبصورت خضر آراہ سے بھٹکے ہوئے لوگوں کیلئے یہ تحریر ایک روشنی ہے اور داعیان توحید وسنت کیلئے ہتھیار۔ ایسی کتب معاشرے کی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ ہم امید رکھتے ہیں کہ قارئین اس کتاب کا خود بھی ذوق وشوق سے مطالعہ کریں گے اور دیگر احباب تک بھی اسے پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ ان شاء اللہ

## خاتم الانبیاء ﷺ

تالیف: حضرت مولانا عبدالودود قریشیؒ

ترتیب: اشرف علی قریشی

پیش نگاہ کتاب میں مسئلہ ختم نبوت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں 21 جھوٹے داعیان نبوت کی فہرست دی گئی ہے اور مختصراً ان کے کفریہ لافہ گوئی کو بیان کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی مرزا غلام احمد قادیانی کے کفریہ عقائد اور اس کی لایعنی باتوں کا بھی نمونہ پیش کیا گیا ہے۔ کتاب کے آخر میں حضرت محمد ﷺ کے خاتم النبیینؐ ہونے کے دلائل قرآن و حدیث سے نقل کئے گئے ہیں۔ کتاب اپنے مشمولات کے اعتبار سے دلچسپ ہے اگرچہ بعض جگہ تحریر میں مصنف نے اردو زبان و ادب کے قواعد کو ملحوظ نہیں رکھا اور مذکر مونث کی پرواہ نہیں کی۔ اور انہوں نے بعض چیزیں بغیر کسی حوالہ کے بھی لکھ دی ہیں۔ مثلاً وہ کتاب کے صفحہ 32 پر لکھتے ہیں کہ: حضور علیہ السلام کے زمانہ میں ایک یہودی معراج شریف سے منکر ہوا تھا تو وہ یہودی عورت بن گیا تھا اور اس کے چند بچے اس سے پیدا ہوئے تھے۔ اب اس بات کی کیا دلیل ہے کہ کچھ معلوم نہیں۔ بہتر تھا کہ مرتب کتاب میں درج حوالہ جات کی تخریج کر دیتے۔ بہرحال جذبہ ایمانی سے معمور یہ ایک عمدہ کاوش ہے۔ پہلی بار یہ کتاب 1942 میں طبع ہوئی تھی۔ زیر تبصرہ ایڈیشن اس کتاب کا نقش ثالث ہے جو ستمبر 2001 میں طبع ہوا۔

کتاب کی کمپوزنگ اور طباعت عمدہ ہے۔ اور 30 روپے اس کی قیمت کچھ زیادہ ہے۔

کتاب منگوانے کا پتہ:

الاشرف پبلیکشنز، جامعہ اشرفیہ عیدگاہ روڈ پشاور

## وسیلہ کی شرعی حیثیت

تالیف: شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ

ترجمہ، تبویب وتخریج: مولانا سیف اللہ ساجد قصوری

ساجد اسلامی ریسرچ سنٹر کھڈیاں خاص قصور

زیر نظر رسالہ ''وسیلہ کی شرعی حیثیت'' شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ کی مختصر لیکن جامع کتاب ''الواسطہ بین الحق والخلق'' کا اردو ترجمہ ہے۔ جسے مولانا قاری سیف اللہ ساجد صاحب نے نہ صرف عمدہ سلیس زبان میں اردو کے قالب میں ڈھالا ہے بلکہ تحقیق کے اصولوں کے پیش نظر تخریج کا کٹھن کام بھی سرانجام دیا ہے۔ جس سے کتاب کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔ کتاب آفسٹ پیپر پر عمدہ کمپوزنگ کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔ البتہ بعض جگہ پروف کی غلطیاں رہ گئی ہیں امید ہے آئندہ ایڈیشن میں ان کی اصلاح کر دی جائیگی۔ مزید برآں جاذب نظر فور کلر ٹائٹل نے کتاب کے حسن کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مصنف کی اس علمی کاوش کو قبولیت سے سرفراز فرمائے۔ اور مسلم امہ کیلئے نجات وھدایت کا ذریعہ بنائے آمین۔



© rasailojaraid.com